ہر گوشۂ کونین پہ سکتہ سا ہے طاری
افسردہ ترے غم میں ہیں بام و در و دیوار

تاریخ میں ایسا نہ خطیب اور اٹھے گا
فطرت نے تراشا تھا فقط ایک ہی شہکار

اس پختہ حقیقت سے مگر کس کو مفر ہے
محفوظ نہیں دامِ اجل سے کوئی جاندار

ادنیٰ ہو کہ اعلیٰ ہو، ولی ہو کہ پیمبر
اس رہ سے گزرنا ہے ہر اک شخص کو اکبار

دل دکھتا ہے لیکن تری رحلت کی خبر پر
محسوس یہ ہوتا ہے کہ ہے زندہ و بیدار

کچھ آہوں میں شامل ہے کچھ اشکوں میں ترا غم
ہوتا نہیں الفاظ میں جذبات کا اظہار

آباد رہے گوشۂ فردوس میں تاحشر
اور سایہ فگن تجھ پہ رہے رحمت غفار

یکتائے روزگار بخاری بھی چل بسے

آنکھیں ہیں اشکبار بخاری بھی چل بسے
دنیا ہے سوگوار بخاری بھی چل بسے

جادو اثر خطیب و شعلہ نوا خطیب
یکتائے روزگار بخاری بھی چل بسے

بیباک حق پسند محب وطن خطیب
ملت کے جاں نثار بخاری بھی چل بسے

آزاد زیب صحن گلستانِ ایشیا
رنگِ گل و بہار بخاری بھی چل بسے

ظاہر پرست آنکھ نے شبنم سمجھ لیا
گریاں تھے برگ و بار بخاری بھی چل بسے

اے بوستانِ فکر و عمل بزمِ شاعری
اُجڑی تری بہار بخاری بھی چل بسے

وحشت فزائے آہوئے افرنگ جس کی ذات
وہ شیرِ مرغزار بخاری بھی چل بسے

جورِ فرنگ گردشِ ایام کے اسیر
خنداں تھے زیر دار بخاری بھی چل بسے

صدر نظام مجلس احرار بالخصوص
قائد و شہسوار بخاری بھی چل بسے

جن کا ضمیر فیض نبوت سے مستنیر
الفت کے رازدار بخاری بھی چل بسے

گریاں فلک، ملائکہ نوحہ کناں زمیں
قدرت کے شاہکار بخاری بھی چل بسے

جرأت شکن تھے زاویے جس کی نگاہ کے
ہائے وہ شعلہ باز بخاری بھی چل بسے

سالک زبان شعر میں کیسے ادا کروں
مذہب کے غمگسار بخاری بھی چل بسے

سالک ربانی (میاں چنوں)